# 2900 - قبروں سے مدد مانگنے والے کے جنازہ میں شرکت کرنا

## سوال

جو شخص قبروں سے مدد مانگتے ہوئے فوت ہو اس کی جنازہ میں شرکت کا حکم کیا ہے ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد لله.

ہم نے یہ سوال فضيلة الشيخ عبد اللہ بن جبرين حفظہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا:

جب وہ مردوں سے استغاثہ اور مدد مانگنے پر مصر ہو اور اسی حالت میں اس کی موت واقع ہو جائے تو اس کے جنازہ میں شرکت کرنا جائز نہیں ہے.

اور جب اس کے ساتھ کسی نے بھی مناقشہ نہیں کیا اور بحث نہیں کی تو ہم دیکھیں گے کہ آیا اس کے علاقے میں توحید پرست لوگ اور توحید کی دعوت دینے والے ہیں، اور توحید کی پہچان کے طریقے موجود ہیں تو ایسے شخص کے متعلق غالب گمان یہی ہے کہ اس کے خلاف حجت قائم ہو چکی ہے اور تو اسکے جنازہ میں بھی شرکت نہیں کی جائےگی، اور اگر ایسا نہیں تو پھر اس کے جنازہ میں شرکت کی جائےگی .